9دسمبر 2016ء

مالی سال 17ء کے پہلے پانچ ماہ میں بیرون ملک مقیم پاکستانی کارکنوں نے 7.8 ارب ڈالر کی ترسیلات بھیجیں

بیرون ملک مقیم پاکستانی کارکنوں نے مالی سال 17ء کے پہلے پانچ مہینوں (جولائی تا نومبر) میں 7874.49 ملین امریکی ڈالر وطن بھجوائے جبکہ گذشتہ برس کی اسی مدت میں 8072.21 ملین ڈالر موصول ہوئے تھے۔

نومبر 2016ء کے دوران کارکنوں کی ترسیلات زر کی مالیت 1616.43 ملین ڈالر تھی جو کہ اکتوبر 2016ء کے مقابلے میں 3.63 فیصد زیادہ اور نومبر 2015ء کے مقابلے میں 3.27 فیصد زیادہ ہے۔ بلحاظ ملک نومبر 2016ء کی تفصیلات سے پتہ چلتا ہے کہ سعودی عرب، متحدہ عرب امارات، امریکہ، برطانیہ، خلیج تعاون کونسل کے ملکوں (بشمول بحرین، کویت، قطر اور عمان) اور یورپی یونین کے ملکوں سے بالترتیب 465.19 ملین ڈالر، 362.71 ملین ڈالر، 193.98 ملین ڈالر، 192.80 ملین ڈالر، 193.12 ملین ڈالر، اور 37.03 ملین ڈالر پاکستان بھجوائے گئے جبکہ نومبر 2015ء میں ان ملکوں سے آنے والی رقوم بالترتیب 488.29 ملین ڈالر، 350.84 ملین ڈالر، 192.39 ملین ڈالر، 191 ملین ڈالر، 191.46 ملین ڈالر اور 31.64 ملین ڈالر تھیں۔ نومبر 2016ء کے دوران ناروے، سوئٹزرلینڈ، آسٹریلیا، کینیڈا، جاپان اور دیگر ملکوں سے آنے والی ترسیلات زر مجموعی طور پر 171.60 ملین ڈالر رہیں جبکہ نومبر 2015ء میں ان ملکوں سے 119.57 ملین ڈالر موصول ہوئے تھے۔

☆☆☆